


مجموعۂ نغمات

# پاک جمعرات

پیشکش:

فاختہ ورشپ لائبریری

# فہرست


| نمبر شمار | پہلا مصرعہ | صفحہ |
|---|---|---|
| .1 | زبور 42: پانی دے سوتیاں دی ہرنی ہو جیوں ترہائی | 7 |
| .2 | زبور 51 (پہلا وزن): فضل نال اے رب بخش گناہ سب میرے | 8 |
| .3 | زبور 51 (دُوجا وزن): ویکھ خداتوں دل دی چاہندا اہیں سچیائی | 10 |
| .4 | زبور 51 (تیجا وزن): یارب میرے پاک خدا بزرگی تیری کراں گا | 12 |
| .5 | زبور 90: ساڈی بدکاری رکھی ہے ساری اپنے توں اگے خدا | 14 |
| .6 | زبور 103 (دوجا وزن): رحمت نال ہے بھریا ہو یا پاک یہوواہ ساڈا | 15 |
| .7 | زبور 111: تُسیں گاؤ ثنا گاؤ ثنا تُسیں ربّ دی | 17 |
| .8 | زبور 137: بابل دیاں نہراں تے جدوں بیٹھے اسیں جا | 19 |
| .9 | زبور 141: یہوواہ مَیں پکارداہاں میرے ول تُوں چھیتی آ | 21 |
| .10 | ڈھلتا جاتا ہوں یسوع کی صورت پر | 23 |
| .11 | آبِ حیات سب کو پلاتا ہے المسیح | 24 |
| .12 | آ جا یسوع دا کرلے نظارہ، اوہنے دتا تیرے بدلے کفارہ | 25 |
| .13 | اندھے آتے ہیں آنکھیں پاتے ہیں روگی روگوں سے پاتے آرام | 26 |
| .14 | اپنے لہو نال یسوع میرے دل دی کالخ لائی اے | 28 |
| .15 | اپنی مانند مسیح تو بنا | 29 |
| .16 | پُکاری جا پُکاری یسوع دے لہُو نُوں | 30 |
| .17 | تیرے مار کھانے سے یسوع مَیں نے شفا پائی ہے | 31 |
| .18 | تیرا لہو تیرا لہو تیرا لہو پاک کرتا ہے | 33 |
| .19 | تیرے لہو کے وسیلے ہو گئے پاپ شما | 34 |

| نمبر شمار | پہلا مصرعہ | صفحہ |
|---|---|---|
| .20 | چلو چلیئے اج دعا دے لئی گتسمنی باغ دے ول یارو | 36 |
| .21 | حمد تیری یہوواہ گاتے ہیں ہم سب | 37 |
| .22 | خوشی کے اشک رونا چاہتا ہوں | 38 |
| .23 | دم دم دم یسوع میرا دم دم ہالیلویاہ | 39 |
| .24 | دکھ سہنے سے پہلے میں اس شام کو مناؤں | 40 |
| .25 | دل کے داغ کو دھوئے کون لہو جو کہ کروس سے جاری | 41 |
| .26 | دل کی میلی چادر کو تم دھو لینا | 43 |
| .27 | دل سے شکر گزار ہیں ہم تیری وفا کے لئے | 44 |
| .28 | دھل گئے ہیں پاپ یہ برکت صلیب کی | 45 |
| .29 | دنیا کی انتہا تک انجیل کو پھیلائیں سارے جہاں کو جا کر شاگرد ہم بنائیں | 46 |
| .30 | دکھاں والی چڑھ گئی سویر میرے واسطے | 47 |
| .31 | رنگ چھڈیا ای مینوں رنگ چھڈیا ای | 48 |
| .32 | روحِ پاک نال بھر کے گیت تیرے گاواں گے | 50 |
| .33 | سب کچھ ہوتا ہے لہو جب دھوتا ہے | 51 |
| .34 | ساڈے گناہاں بدلے یسوع نثار ہویا | 52 |
| .35 | سرپاک پہ کانٹوں کا تاج دھرے مہاراج صلیب اٹھا کر چلے | 53 |
| .36 | شعلے شعلے شعلے روح کی آگ کے شعلے | 54 |
| .37 | شیطاں ہے پاؤں کے نیچے | 56 |
| .38 | شفا دستِ کرم سے اُس کے پائے جس کا جی چاہے | 57 |
| .39 | کلوری دے سہارے پاپی بچدے نیں سارے | 58 |
| .40 | کفارہ میرا تُو ہی ہے سہارا میرا تُو ہی ہے | 60 |

| نمبر شمار | پہلا مصرعہ | صفحہ |
|---|---|---|
| 41. | کھاؤ بدن پیو لہو میری یادگاری کے لئے | 61 |
| 42. | کلوری کی وہ شام یوں آئی | 62 |
| 43. | لہو لہو یسوع کا لہو گناہوں سے ہم کو دھوتا ہے | 63 |
| 44. | لہو جو یسوع کے بدن سے بہتا ہے | 64 |
| 45. | لہو بہا کے تونے کیسا کرم یہ کیا | 65 |
| 46. | لکڑی پہ لٹکا ناصری دینے کو زندگی | 66 |
| 47. | لے کے تیس دینار تے سودا کر بیٹھا | 67 |
| 48. | لہو دیاں دھاراں جدوں وگیاں صلیب تھوں | 69 |
| 49. | مَیں جس کو چھُولوں گا کندن کر دوں گا | 70 |
| 50. | میرے دِل والا دیوا بلے تیرے لہو دے نال | 72 |
| 51. | میرے دھُل گئے پاپ نیں سارے تیرے لہو دی دھار تھلے | 73 |
| 52. | مَیں خداوند تیرا شافی ہوں تیرا بوجھ اُٹھانے والا ہوں | 75 |
| 53. | میرے یسوع کی قربانی دیتی ہمیں ہے زندگانی | 76 |
| 54. | مسیحا مجھے پیار کرنا سکھا دے | 78 |
| 55. | میں غلبہ پاؤں گا یسوع کے خون سے | 79 |
| 56. | میرا یسوع میرے پاپاں دے لئی سولی چڑھ گیا جے | 80 |
| 57. | میرے من وچ آوس تُوں کنڈیاں دے تاج والیا | 81 |
| 58. | مسیح تو میری زندگی مسیح تو میری جان ہے | 83 |
| 59. | نت دل وچ رہندی اویاد پرانی | 85 |
| 60. | نئیں بھلدی صورت تیری نئیں بھلدا چہرہ تیرا | 87 |
| 61. | ہوئی بات جو بھی صلیب پر میرے حق میں حرفِ دعا لگی | 88 |

| نمبر شمار | پہلا مصرعہ | صفحہ |
|---|---|---|
| .62 | ہتھیں گانا سنگلاں دا تاج کنڈیاں دا یسوع پایا | 89 |
| .63 | ہتھاں پیراں وچ کل نیزے وہنیاں ہے دل یسوع پیارے | 90 |
| .64 | ہلوواہوں نے ہل جو چلائے، خون کی دھارا بہتی جائے | 92 |
| .65 | ہتھاں پیراں وچوں خون دیاں | 93 |
| .66 | وہ دکھوں کی آگ میں جلتا رہا | 96 |
| .67 | یہی دُعا ہے رکھ لہو کے نیچے یہی صدا ہے رکھ لہو کے نیچے | 97 |
| .68 | یسوع کے لہو سے مَیں دھل گیا | 99 |
| .69 | یا یسوع کو اپنا لے تُو | 100 |
| .70 | یسوع نے کر کے خون فراہم صلیب کو | 101 |
| .71 | یسوع نے مجھے بچایا، یسوع نے مجھے چھڑایا، میرا فدیہ دیا خون سے | 102 |
| .72 | یسوع کے ذکرِ غم کو سناؤں کہاں کہاں | 103 |
| .73 | بہتا دریا یسوع میرا آ اِس میں تُو ڈوب جا | 105 |
| .74 | بار بار بہا لہو یسوع کا تیری شفا کے لئے میری شفا کے لئے | 106 |
| .75 | بوجھ میرا اٹھا لیا مجھے اپنا بنا لیا | 108 |
| .76 | بے شک میرے منہ پر تھوکو، بے شک کوڑے مارو | 110 |
| .77 | تیرے لہو سے پاپ دھوتا ہوں | 111 |
| .78 | صلیب اُٹھا کے تجھے چلنا ہو گا | 112 |
| .79 | وہ پیاری صلیب مُجھ کو دِکھائی پڑتی تھی | 114 |
| .80 | یسوع کا لہو میری شفا ہے | 116 |
| .81 | تیرے بدلے یسوع نے خون ڈوہلیا | 117 |
| .82 | جند یسوع نُوں صلیب اُتے ٹنگنی پئی | 119 |

صفحہ

83. یسوع کے لہو کی جے جے جے 121
84. یہ جو فسح کی شام ہے، المسیح کے نام ہے 123
85. عاجزی وانکساری کا نمونہ خوب ہے 124
86. برے کا لہو، یسوع کا لہو 125

# 1

## زبور42:پانی دے سوتیاں دی ہرنی ہو جیوں ترہائی

پانی دے سوتیاں دی ہرنی ہو جیوں ترہائی
رُوح میری تینوں ربا تیری تہائی آہی

1

رُوح میری ترسے پئی زندہ خدا دی خاطر
میں کدوں جاواں تیرے ساہمنے ہو واں حاضر

2

میرے اَتھرو میری دِن رات دی ہوئے ہین غذا
پچھدے رہندے جدوں مینوں تیرا کتھے ہے خدا

3

جان اپنی نوں جھکانداہاں میں ایہہ کر کے یاد
جاند اساں عید مناون نوں جدوں میں دِل شاد

4

جاند اساں گھر نوں خدا دے جدوں میں ٹولیاں نال
شکر دے گاوٗند اساں گیت تدوں ہو کے نہال

## 2

## زبور 51 پہلا وزن: فضل نال اے رب بخش گناہ سب میرے

فضل نال اے رب بخش گناہ سب میرے
وانگوں فضل رحم کر توئیں اتے میرے

1

چنگی طرح دھو دے میری کر صفائی
مینوں کر توں پاک صاف بخش دے سب برائی

2

کیوں جو سب برائی اپنی میں من لیندا
میرا جو گناہ ہے میرے اگے رہندا

3

اے خدا میں تیرا گناہ کیتا بھاری
تیرے ہی حضور وچ بدی کیتی ساری

4

تاں توں اپنی گل وچ سچا ہو ہر حالت
راستی ظاہر ہووے کریں جد عدالت

5

میں وی پیدا ہویا ویکھو وچ برائی

# مینوں وچ گناہ دے جمیا میری مائی

# 3

## زبور 51 دُوجا وزن: ویکھ خدا توں دل دی چاہندا ہیں سچیائی

ویکھ خدا توں دل دی چاہندا ہیں سچیائی
میرے دل وچ اے رب مینوں بخش دانائی

1

زوفے نال توں صاف کر تدوں پاک میں ہوندا
برف وانگر ہوواں جد توں مینوں دھوندا

2

مینوں ہن خوشخبری آپ سنائیں ربا
ٹوٹی ہڈیاں تدوں ہون گیاں خوش سدا

3

بخش خطاتوں میری سب گناہ معاف کر
دے توں اپنی پاک روح مینوں پاک صاف کر

4

ہک نہ اپنے اگوں روح نہ میتھوں لے توں
مکتی دی بخش خوشی روح نال ڈھاسنا دے توں

5

تدوں میں راہ تیرا بریاں نوں سکھلاواں

توبہ تداوہ کرن گے جدوں میں سناواں

6

خونوں مینوں پاک کراے خدا ہمارے

اپی دتی گاواں تیرے حکم نیارے

F

# 4

# زبور 51 تیجا وزن: یارب میرے پاک خدا بزرگی تیری کراں گا

یارب میرے پاک خدا بزرگی تیری کراں گا

1

یارب میرے پاک خُداوند کھول دے لَب توں میرے
میرا دل تَد خوشیاں دَے نال گاوے گیت وی تیرے

2

توں قربانی نوں نہیں چاہندا نہیں تے تینوں دیندا
توں چڑھاواں تھوں بارُ با کدی نہیں خوش ہندا

3

ٹُٹی جان نوں تیرے اَگے جو کوئی لے کے آوے
ٹٹے دِل دِی ایہہ قربانی تینوں یارب بھاوے

4

اپنی رضامندی دے نال شہر صیحون وسائیں
یروشلیم دیاں کندھاں توئیں یارب فیر بنائیں

5

تَد سچیائی دی قربانی سارے پاک چڑھاوے
سو ختنی قربانی وی تَد تیرے مَن نوں بھاوے

6

تیرے مڑ بجے تے خدایا سارے لوک تد آؤن

اپنے دل دی خوشیاں دے نال بیل قربان چڑھاؤن

F

# 5

## زبور 90: ساڈی بدکاری رکھی ہے ساری اپنے توں اگے خدا

ساڈی بدکاری رکھی ہے ساری

اپنے توں اگے خدا

1

تیرا ہی چہرہ روشن ہے جہیڑا جاندا سب چھپے گناہ

دن اساں سارے غم دے گزارے قہر وچ تیرے سدا

2

ساڈی عمر وی گئی ہے گزر وی جیوں اک گزرے خیال

ستر ورھے وی اسی ورھے وی آخر نوں فیر وی فنا

3

ہے ساری طاقت محبت مشقت جاندی ہے رہندی سدا

جاندا ہے کہیڑا ات غصہ تیرا تیرے غضب نوں خدا

## 6

## زبور 103 دوجا وزن: رحمت نال ہے بھریا ہویا پاک یہوواہ ساڈا

رحمت نال ہے بھریا ہویا پاک یہوواہ ساڈا

1

رحمت نال ہے بھریا ہویا پاک یہوواہ ساڈا
غصہ تے کرن دے وچ ہے وہ دھیرا پیار ات اوس دا ہے ڈاہڈا

2

ساڈے اتے وی رب اساڈا سدا نہیں جھنجھلاوے
اوڑھک تیکر نئیں ساڈے اوتے اپنا کرودھ وکھاوے

3

جیہی ساڈی ہے برُیائی تیہا سلوک نہ کردا
اساڈے پاپاں وانگر ساہنوں بدلہ نئیں اودیندا

4

جناں اچا ایس دھرتی تھوں ایہہ آسمان ہے سارا
رب دے ڈرن والیاں اتے رحم ہے اوہدا بھارا

5

جناں چڑھدے تھوں ہے لہندا اونیں دور اساڈے
پاپ خدا نے چک کے سارے سٹے دور دراڈے

6

اپنے پتراں اتے جیہا ترس پتا ہے کھاندا
اپنے ڈرن والیاں اتے تیہار حم وکھاندا

7

کیونکہ جاندا اہے اساڈی آپ بناوٹ ساری
بنے ہاں مٹی دے اسیں ایہہ گل نہ وساری

8

عمر منکھ دی گھاہ دے وانگر جنگلی پھُل وانگ پھلدا
واجد وگے ناس ہو جاندا اتھاں تے مڑ نہ لبھدا

9

رب دی رحمت اوہناں اتے جہیڑے خوف مناون
نال اوہناں دے سچ سدا ہے نسلاں جہیڑیاں آون

10

اوہناں اتے وی جو اوہدے عہد نوں ہین یاد کردے
ہاں جو اوہدے حکماں اتے اپنا دل ہین دھر دے

# 7
# زبور 111: تُسیں گاؤ ثنا گاؤ ثنا تُسیں ربّ دی

تسیں گاؤ ثنا، گاؤ ثنا تسی رب دی

1

سچیاں دی ٹولی وچ دل نال گاواں

ثناسناواں میں رب دی

2

کم خدادے ات ہین ودھیرے

قدرت اوہدی صاف لبھدی

3

کم اوہدیاں ہتھاں دے سبھو جلالی

اوہدی سچیائی ہے ابدی

4

رب نے عجائب کم جو کیتے

یادگاری رکھی سب دی

5

پاک یہوواہ ات مہربان ہے

رحمت بے حد رب دی

6

روزی پاندے بھکھے نہ رہندے

آس جنہاں نوں رب دی

7

جو کجھ رب نے عہد ہے کیتا

یاد اور کھدا ہے ابدی

# 8

## زبور 137: بابل دیاں نہراں تے جدوں بیٹھے اسیں جا

بابل دیاں نہراں تے جدوں بیٹھے اسیں جا
صیحون نوں کر یاد تدوں روئے مار ڈھا

1

ٹنگ دتیاں اساں بربطاں بتیاں دے رُکھاں نال
ساڈے قید کرن والے کہندے دیو کجھ سُنا

2

اپنے خُدا دے گیت اسیں گاؤندے کس طرح
اوہ سی بیگانہ دیش نالے غیر اوہ جاگہ

3

یروشلم یروشلم بُھل جاواں جے کدی
اُستادی اپنی دیوے میرا سجا ہتھ بھلا

4

اپنی خوشی تھیں ؔدوھ کے جے میں یاد نہ رکھا
تدجیبھ میری میرے تالو نال لگے جا

5

دن یاد کر یہوواہ اَدُومی ایہ کہندے سان

یروشلم نوں مُڈھوں مُولوں دیو مل کے ڈھا

6

بابل دی دھی لیڑیئے سانوں اُجاڑیا

دھن اوہ جو تیتھوں بدلہ لوَے تیرے ظلم دا

7

دَھن اوہ ہے جہیڑا بچیاں نوں تیرے پکڑ کے

پتھراں دے اُتے مار کے سبھو کرے فنا

# 9

# زبور 141: یہوواہ مَیں پکار داہاں میرے ول تُوں چھیتی آ

یہوواہ میں پکار داہاں، میرے ول توں چھیتی آ

1

جدوں پکاراں میں تینوں خدایا

سن لے میری گل کن لا

2

میری دعا ہن تیرے حضور وچ

پہنچے وانگ بخور دے جا

3

جیویں قربانی شاماں دی ہووے

ہتھ چک تیتھوں منگاں دعا

4

میرے ہونٹھاں دی کرر کھوالی

تے منہ اتے نگہبان بٹھا

5

دل نہ ہووے میرا بدی تے مائل

بداں نال رلے نہ جا

6

کھاواں نہ اوہناں دے سوادلے کھانے

اوہناں وچوں نہ اک گراہ

# 10

## ڈھلتا جاتا ہوں یسوع کی صورت پر

ڈھلتا جاتا ہوں یسوع کی صورت پر
ایمان رکھتا ہوں مسیح کی قدرت پر
یسوع مسیح کی مانند بنتا جاتا ہوں
دھیرے دھیرے لہو سے ڈھلتا جاتا ہوں

۱

پاپ گھنونے لہو سے اس نے دھو ڈالے
موتی اپنی الفت کے پرو ڈالے
ایسے موتی میں پرونا چاہتا ہوں

۲

خواب نہیں حقیقت ہے وہ زندہ ہے
باپ کے دہنے بیٹھا ہے تابندہ ہے
لینے آئے گا ہمیں بتلاتا ہوں

۳

شہرت، عزت، برکت یسوع دیتا ہے
قوت، رحمت، قدرت یسوع دیتا ہے
سات سروں کے میٹھے گیت سناتا ہوں

# 11
# آبِ حیات سب کو پلاتا ہے المسیح

آبِ حیات سب کو پلاتا ہے المسیح
تشنہ لبوں کی پیاس بجھاتا ہے المسیح

1

بھوکے جو زندگی کی غذا کے ہیں سیر ہوں
نانِ بقا سبھوں کو کھلاتا ہے المسیح

2

پوشاک راستی کا نہ ہو جس کے جسم پر
اس کو لباسِ پاک دلاتا ہے المسیح

3

دنیا کے اور نفس کے جو ہو گئے اسیر
قیدِ گناہ سے ان کو چھڑاتا ہے المسیح

4

دیدارِ ربِ پاک کی گر تم کو ہو طلب
الحق خدائے پاک دکھاتا ہے المسیح

# 12

## آجا یسوع دا کر لے نظارہ، اوہنے دتا تیرے بدلے کفارہ

آجا یسوع دا کر لے نظارہ
اوہنے دتا تیرے بدلے کفارہ
تے روگ تیرے مٹ جان گے

ا

جھوٹھیاں محبتاں چ سب کجھ ہاریا
تیرے جھوٹھے بتاں تینوں ہور وگاڑیا
جدوں آیا اسمانی لشکارہ

۲

پاپاں والی اگ نیں بتھیرا تینوں ساڑیا
دکھاں دی ہنیریاں اڈا کے دور ماریا
جدوں ویکھیں گا توں سولی دا نظارہ

۳

واجاں جدوں ماریں گا او تیرے کول آوے گا
اگ دیاں پٹھیاں چوں کڈھ کے لے جاوے گا
یسوع آیا تینوں دین چھٹکارا

# 13

## اندھے آتے ہیں آنکھیں پاتے ہیں روگی روگوں سے پاتے آرام

اندھے آتے ہیں آنکھیں پاتے ہیں
روگی روگوں سے پاتے آرام
یسوع مسیح کے نام سے
کیسے عجب ہوئے کام

۱

آتما کا گہرا مسح چھایا ہے
جوتی جگانے پربھو آیا ہے
قیدی رہائی پاتے ہیں
برے کی تعریف گاتے ہیں
لنگڑے چلتے ہیں، بہرے سنتے ہیں
خوب پورا ہوا ہے کلام

۲

یسوع کا خون بہا سب کے لئے
جیون کی شمع جلی سب کے لئے
پاپی کے پاپ لئے اس نے اٹھا
روگی کے روگ دیئے اس نے مٹا

غنچے کھلتے ہیں، دیپ جلتے ہیں
غٹا غٹ پی لے یسوع کا جام

۳

خالی نہ جائیں ہم آج کی شام
یسوع مسیح سے پائیں پورا آرام
وہی خداوند ہے وہی کلام
بھائیو سنا ذرا مل کا پیغام
بھوکے کھاتے ہیں، پیاسے پیتے ہیں
مفت مکتی ملے ہے انعام

# 14

## اپنے لہو نال یسوع میرے دل دی کالخ لائی اے

اپنے لہو نال یسوع میرے دل دی کالخ لائی اے
وانگ برف دے چٹیاں کر کے کیتی خوب صفائی اے

1

وچ گناہ دے جیون کشتی ڈولے کھا کھا تھکی سی
اپنا ہتھ ودھا کے سوہنے یسوع پار لنگھائی اے

2

جد دا میں یسوع وچ ہویا حکم سزا دا رہیا نہ
دستاویز گناہواں والی یسوع آپ مٹائی اے

3

میں مخلوق نواں ہاں اج تھوں او نئیں جو پہلاں ساں
موت چوں کڈھ کے زندگی یسوع میرے ناویں لائی اے

4

کیتا دور ہنیرا دل دا چانن چشمے پھُوٹے نیں
سورج چن ستاریاں اندر یسوع دی روشنائی اے

# 15

# اپنی مانند مسیح تو بنا

اپنی مانند مسیح تو بنا
پیار کی ندیا مجھ سے بہا

1

تیری طرح محبت کروں
دوسروں کی میں خدمت کروں
تیری حکمت پہ رکھوں نگاہ

2

تیرے نقشِ قدم پر چلوں
عاصیوں کو بچاتا رہوں
فرض اپنا کروں میں ادا

3

آنے والا ہے تو ناصری
پھیل جائے گی تب راستی
تجھ پہ دل بھی ہے جاں بھی فدا

# 16

# پُکاری جا پُکاری یسوع دے لہُو نُوں

پُکاری جا پُکاری جا، یسوع دے لہو نوں
اوہدے لہو تھوں رہائی

ا

اوہدے لہو دی دھاراں دے نال
پایئے اسی رہائی
اوہدے لہو تھوں زندگی مل دی
اوہدے لہو تھوں شفاوی
اوہدا ناں ہے شان والا
اوہدے ناں تھوں آزادی

۲

زندگی دا مالک یسوع
زندگی اوہ دے تھوں
پاک یسوع پاک وے لہو
پاک وے اوہدی روح
اوہدے لہو توں پاک ہو کے
پایئے اسی خلاصی

# 17
## تیرے مار کھانے سے یسوع مَیں نے شفا پائی ہے

تیرے مار کھانے سے یسوع میں نے شفا پائی ہے
تیرے خون بہانے سے ملی مجھ کو رہائی ہے

۱

تُو رحم کا ساگر ہے، تُو پریم کا پیکر ہے
تُو نے اپنی جان دے کر میری زندگی بچائی ہے

۲

کوئی چارہ گر تجھ سا نہیں، کوئی رہبر تجھ سا نہیں
تُو نے قربان ہو کر میری بگڑی بنائی ہے

۳

تُو نے وعدہ پورا کر دیا ہے، تُو نے پاک روح سے بھر دیا ہے
تُو نے میرے قدموں کو آسمانی راہ دکھائی ہے

۴

میں ہر دم یسوع جی تیری حمد و ثنا گاؤں
میں نے اپنی سانسوں میں تیری خوشبو بسائی ہے

۵

یہ زندگی یسوع جی اب تیری امانت ہے

# تُو نے قربان ہو کر میری زندگی بچائی ہے

## 18

## تیرا لہو تیرا لہو تیرا لہو پاک کرتا ہے

تیرا لہو، تیرا لہو، تیرا لہو پاک کرتا ہے
تیرا لہو قوت دیتا ہے

۱

تیرے لہو کی دھار سے مٹتے گناہ اور کھلتے ہیں پھول
تیرا لہو، تیرا لہو، دھو کر کے صاف کرتا ہے

۲

تیرے لہو میں جو چھپے کسی بھی بلا سے کبھی نہ ڈرے
تیرا لہو، تیرا لہو، تیرا ہمت دیتا ہے

۳

تیرا لہو ڈھال اور قلعہ سب کی پناہ مضبوط آسرا
تیرا لہو، تیرا لہو، دل میں سکون بھرتا ہے

۴

تیرے لہو کے جھرنوں سے زخم تو کیا مٹیں ناسور بھی
تیرا لہو، تیرا لہو، مرہم کا کام کرتا ہے

# 19

## تیرے لہو کے وسیلے ہو گئے پاپ شما

تیرے لہو کے وسیلے ہو گئے پاپ شما
تیری صلیب سے یسوع پا گئے روگی شفا
تیرا لہو، تیرا لہو، تیرا لہو کرتا ہے پاپ شما

۱

ہڈیوں میں جاں جو نہ ہو یسوع کا خون مانگ لے
درد بیاں جو نہ ہو یسوع کا خون مانگ لے
دل کو سکوں جو نہ ہو یسوع کا خون مانگ لے،
بہتا لہو، بہتا لہو، بہتا لہو ہم کو بھی دے گا ضیا

۲

لہو کی قیمت ذرا مریم کی ممتا سے پوچھ
اکلوتے بیٹے کا دام پاک یہوواہ سے پوچھ
پوری شفا کا پیغام کانٹوں اور کوڑوں سے پوچھ
پاک لہو، پاک لہو، پاک لہو ہم کو بھی دیگا شفا

۳

سونے اور چاندی سے بھی یسوع کا خون قیمتی
گھوڑوں اور رتھوں سے بھی یسوع کا خون قیمتی

رشتوں اور ناتوں سے بھی یسوع کا خون قیمتی

زندہ لہو، زندہ لہو، زندہ لہو کرتا ہے ہم کو رہا

# 20
# چلو چلیئے اج دعادے لئی گتسمنی باغ دے ول یارو

چلو چلیئے اج دعا دے لئی، گتسمنی باغ دے ول یارو
اج کٹھیاں وقت گزار لیئے، جہیڑے رہ گئے نیں دو پل یارو

۱

یسوع کہندا آن کے ستُیاں نوں، تسی نال میرے نہ جاگ سکے
تسی پل دو پل تے جاگنا سی، سونا نال آرام دے کل یارو

۲

مینوں کرن حوالے غیر اں دے، ویکھو آپ یہو داہ آیا جے
پوری ہو گئی جہیڑی آکھی سی، کر و یاد تسی او گل یارو

۳

ہندا حکم جے نہ کدی باپ ولوں، کنج پھڑ دے مینوں راز میاں
ہونی باپ دی مرضی پوری سی، جاندا کسر اں ویلہ ٹل یارو

# 21

## حمد تیری یہوواہ گاتے ہیں ہم سب

حمد تیری یہوواہ گاتے ہیں ہم سب
تُوہی سربلند ہے یہوواہ

۱

تُونے ہم کو اپنا بنایا
برّے کے خون سے پاک ٹھہرایا

۲

ہم جو گناہ میں دھنسے ہوئے تھے
بیٹے کی موت سے راست ٹھہرایا

# 22

## خوشی کے اشک رونا چاہتا ہوں

خوشی کے اشک رونا چاہتا ہوں
دلوں میں پیار بونا چاہتا ہوں

۱

بسر ہو زندگی بچے کی صورت
محبت کا کھلونا چاہتا ہوں

۲

مسیحا اب یہی ہے میری خواہش
میرے تیرے جیسے ہونا چاہتا ہوں

۳

اصولِ عظمتِ آدم یہی ہے
میں سب کے پاؤں دھونا چاہتا ہوں

# 23

## دم دم دم یسوع میرا دم دم ہالیلویاہ

دم دم دم یسوع میرا دم دم ہالیلویاہ
دم میں میرے یسوع تو، تو ہی خداوند خدا
تجھ سے ہے آشا میری، تو ہی میرا بادشاہ
تن میں تو بسے گا، آنکھوں میں ملے گا
سانسوں میں ملے گا، دل میں رہے گا

۱

آدم میں دم پھونکا تو نے، مٹی کے پتلے کو سجایا
اپنا روپ اور صورت بخشی، دونوں کو جیتی جان بنایا

۲

پاپ بنا پر پاپی نہ وہ، سولی چڑھا پر ڈاکو نہ وہ
خون دیا پر خونی نہ وہ، تیرا میرا قرض چکایا

۳

دیر نہ کر وہ تجھ کو بلائے، ابدی جیون مفت دلائے
کھلم کھلا دعوت نامہ، یسوع مسیحا دینے آیا

## 24

## دکھ سہنے سے پہلے میں اس شام کو مناؤں

دکھ سہنے سے پہلے میں اس شام کو مناؤں
تھی آرزو یہ میری کہ فسح میں آج کھاؤں

۱

پھر نہ کبھی پیوں گا میں انگور کا یہ شیرہ
اپنے دلوں میں رکھنا میری یاد کا ذخیرہ
کل جو بھی ہے ہونا وہ آج میں بتاؤں

۲

میرے خون اور بدن کو آپس میں مل کے کھانا
میرے خون کا یہ وعدہ تم دل سے نہ بُھلانا
ایسا ہی کرتے رہنا جب تک نہ پھر میں آؤں

۳

تم میں سے ایک مجھ کو دھوکا ضرور دے گا
غیروں سے راز میرا وہ مول جا کے لیگا
یہ ضرور ہی تھا ہونا کہ صلیب میں اُٹھاؤں

# 25

## دل کے داغ کو دھوئے کون لہو جو کہ کروس سے جاری

دل کے داغ کو دھوئے کون، لہو جو کہ کروس سے جاری
میرے درد کو کھوئے کون، لہو جو کہ کروس سے جاری
وہ چشمہ ہے معمور، داغ دل کے کرتا دور
ہے مجھ کو دل منظور، لہو جو کہ کروس سے جاری

۱

میرے مرض کا شافی ہے، لہو جو کہ کروس سے جاری
معافی کو وہ کافی ہے، لہو جو کہ کروس سے جاری

۲

وہ ہے میرے قرض کا دام، لہو جو کہ کروس سے جاری
وہ ہے میرا خاص انعام، لہو جو کہ کروس سے جاری

۳

وہی خاص ہے میری آس، لہو جو کہ کروس سے جاری
راستی کا ہے خوش لباس، لہو جو کہ کروس سے جاری

۴

دکھ تکلیف میں ہے پناہ، لہو جو کہ کروس سے جاری
وہ ہے میرے گھر کی راہ، لہو جو کہ کروس سے جاری

# ۵

میرے گیت کا ہے مضمون، لہو جو کہ کروس سے جاری
مجھ کو کرتا ہے ممنون، لہو جو کہ کروس سے جاری

# 26

## دل کی میلی چادر کو تم دھولینا

دل کی میلی چادر کو تُم دھولینا
یسوع کی سُولی کے نیچے رولینا

1
شیش محل میں نقش بنانا چھوڑ بھی دو
پیار محبت سنگریزوں میں پرولینا

2
غم کی رات کو خونِ مسیح سے روشن کر
صبح سویرے ساتھ مسیح کے ہولینا

3
اہلِ ہوس جب گھیر لیں تجھ کو اے سروشؔ
اُس کی ذات میں اپنی ذات پرولینا

# 27
# دل سے شکر گزار ہیں ہم تیری وفا کے لئے

دل سے شکر گزار ہیں ہم تیری وفا کے لئے
نذریں لے کر آئے ہیں ہم اپنے خدا کے لئے
یسوع، یسوع، یسوع، یسوع

۱

تُو نے صلیب اُٹھائی میری شفا کے لئے
قیمتی جان لٹائی میری بقا کے لئے

۲

لنگڑے تُو نے چلائے پیار سے بولے
مُردے تُو نے جلائے آنکھیں بند کھولے

۳

ایمان سے شفا کو کرتے ہیں قبول
لہو سے تیرے یسوع ٹھہرے ہیں مقبول

# 28

## ڈھل گئے ہیں پاپ یہ برکت صلیب کی

ڈھل گئے ہیں پاپ یہ برکت صلیب کی
زندگی ملی ہے یہ نعمت صلیب کی

۱

سایۂ صلیب تلے ملتی ہے نجات
دیکھئے عجیب ہے قدرت صلیب کی

۲

جھک رہا ہے ہر بشر صلیب کی طرف
کر رہے ہیں آج عبادت صلیب کی

۳

آخری امید مسیح ہے جہان کی
جان لے فدا تو صداقت صلیب کی

## 29

## دنیا کی انتہا تک انجیل کو پھیلائیں سارے جہاں کو جا کر شاگرد ہم بنائیں

دنیا کی انتہا تک انجیل کو سنائیں
سارے جہاں کو جا کر شاگرد ہم بنائیں

۱

کیسی بلند ہے یہ تعلیم ناصری کی
وہی بڑا ہے خدمت کرتا ہے جو کسی کی
جینا اسی کا ہے جو اوروں کے کام آئے

۲

عملی ثبوت دے کر کیا انکساریوں کے
دھوئے تھے پاؤں اس نے اپنے حواریوں کے
نقشِ قدم پہ چل کر اوروں کو ہم دکھائیں

۳

اے سونے والے جاگو اب وقت انتہا ہے
رنگِ چمن ہے بدلا خطرے میں آشیاں ہے
کشتی طوفان میں ہے اٹھ کر اسے بچائیں

# 30

## دکھاں والی چڑھ گئی سویر میرے واسطے

دکھاں والی چڑھ گئی سویر میرے واسطے
دنیا تے ہو گئی ہنیر میرے واسطے
کلی رو واں تے کُرلاواں سن لے ہاواں ترلے پاواں

۱

ویریاں نے اج میرا لعل پھڑ لیا اے
جدا ناں کوئی دوش او بے عیب سدا رہیا اے
ربا دکھ والی گھڑی پھیر میرے واسطے

۲

شالا ٹل جان ایہدے سر توں بلاواں
ہون نہ قبول لکھاں منگاں میں دعاواں
ہو گئی اے میتھوں ہورے دیر میرے واسطے

۳

جدوں ایہنوں ظالماں نے سولی دے دینی اے
موت یسوع دی تے شاکی جان میری لینی اے
ہونے نیں عذاب کئی فیر میرے واسطے

# 31

## رنگ چھڈیا ای مینوں رنگ چھڈیا ای

رنگ چھڈیا ای مینوں رنگ چھڈیا ای
اپنے لہو دے نال رنگ چھڈیا ای

۱

یسوع تیرے بنا اک پل نئیوں لنگدا
تیرے بنا دل دا جہان نئیوں سجدا
کر چھڈیا ای مینوں کر چھڈیا ای
اپنا دیوانہ مینوں کر چھڈیا ای

۲

تیرے روح دے نشے نال من نئیوں بھردا
پیوی جاواں روح دی مے ایہو جی کردا
کر چھڈیا ای کر چھڈیا ای
روح دے مسیح دا عادی کر چھڈیا ای

۳

دل چاہوے یسوع تینوں تکدا رہواں
اپنی سناواں نالے تیریاں سناں
بھر چھڈیا ای مینوں بھر چھڈیا ای

# اپنے پیار نال بھر چھڈیا ای

## 32

## روحِ پاک نال بھر کے گیت تیرے گاواں گے

روح پاک نال بھر کے، گیت تیرے گاواں گے
تُو زندگی دی روٹی ایں
ایہہ سب نوں بتاواں گے
جندڑی ایہہ نام تیرے لاواں گے

۱

کراں گے بلند تیری سولی نوں سدا
تُو ئیوں ساڈی جند تُو ئیوں ساڈا اے خدا
ہر پاسے دھوم مچاواں گے

۲

اَسی تے رہنا اے قدماں چہ جھکدے
دُنیا دے کم تے کدی نہیں مُکدے
قدماں چہ زندگی بیتاواں گے

۳

ملی اے رہائی یسوع نام تھوں تیرے
کدی وی انجیل تھوں کلام تھوں تیرے
اسی نہ مسیحا شرماواں گے

# 33

# سب کچھ ہوتا ہے لہو جب دھوتا ہے

سب کچھ ہوتا ہے، لہو جب دھوتا ہے
یسوع مسیح تیرا لہو، تن من دھوتا ہے
زندہ لہو، زندہ لہو

۱

بیماریاں چھوڑ جاتی ہیں، کمزوریاں منہ چھپاتی ہیں
ہڈیوں میں جان آجاتی ہے، دل میں سکون ہوتا ہے

۲

دھاگے تعویز دم توڑتے ہیں، یسوع کے نام میں چھوڑتے ہیں
روح القدس آجاتا ہے، یسوع یسوع ہوتا ہے

۳

خونِ مسیحا اعلیٰ دوا، اس سے ملے ہر مرض کی شفا
کھا یہ بدن اور پی یہ لہو، کاہے کو روتا ہے

# 34

## ساڈے گناہاں بدلے یسوع نثار ہویا

ساڈے گناہاں بدلے یسوع نثار ہویا
سولی تے برچھی کھا کے ساڈا غم خوار ہویا

۱

عرشاں دی شاہی چھڈی، شان خدائی چھڈی
چرنی وچ آدم بن کے، یسوع اوتار ہویا

۲

تاج دے کنڈے چبھدے، ہتھیں پیریں کل نے کھبدے
ظالم دا نیزہ اوہدے سینے تھوں پار ہویا

۳

یسوع دے منہ تے تھکدے، مار مار مکے ہسدے
طعنیاں دے نال اوس دا سینہ فگار ہویا

۴

یسوع نال جہیڑی ہوئی، مریم تھوں پچھے کوئی
جس دے سینے دا ٹکڑا سولی اسوار ہویا

# 35

## سر پاک پہ کانٹوں کا تاج دھرے مہاراج صلیب اٹھا کر چلے

سر پاک پہ کانٹوں کا تاج دھرے
مہاراج صلیب اٹھا کر چلے

۱

گتسمنی میں جا کے تھی مانگی دعا، اے خدا اس پیالے کو مجھ سے ہٹا
پر خدا کی نہ تھی ایسی ہر گز رضا، یسوع موت کا جام اُٹھا کر چلے

۲

جو ازل سے لکھا تھا صحیفوں میں، جو برائیاں پڑی تھیں ضعیفوں میں
ہم ڈوبے ہوئے تھے پاپوں میں، یسوع ہم کو پار لگا کر چلے

۳

ویری آ پہنچے لیا پکڑ اسے، کیا پیش کچہری میں جا کے اُسے
ملا حکم صلیب چڑھا دو اسے، یسوع بوجھ گناہ کا اٹھا کر چلے

۳

یسوع سولی اٹھا کلوری کو چلے، تین بار وہ رستے میں غم سے گرے
اپنے وعدے سے آپ نہ ہر گز پھرے، میرے پاپوں کا بوجھ اٹھا کر چلے

# 36

# شعلے شعلے شعلے روح کی آگ کے شعلے

شعلے شعلے شعلے رُوح کی آگ کے شعلے
بھیج خداوند زندہ خداوند رُوح کی آگ کے شعلے

۱

کر بھسم تُو غصہ اور بدی سب بدکاری اور مے کشی
بھر اپنی اُلفت ہم میں تُو ہم میں نظر آ تُو ہی تُو
تُو ساتھ ہے جس کے اے یسوع
ڈولے ڈولے ڈولے کبھی نہ پھر وہ ڈولے

۲

لہو کے چشموں کی دھار سے اور اُن کوڑوں کی مار سے
ہم پاتے ہیں اپنی شفا ہے تیری بھی اُس میں رضا
تُو بخشے اُس کو زندگی
کھولے کھولے کھولے دل کا در جو کھولے

۳

سب لعنتیں ہم سے دور کیں بیماریاں سب کافور کیں
ڈھا ڈالی جو دیوار تھی جو باپ اور ہم میں دراڑ تھی
جوڑا ہے اُس کو خون سے

# دھولے دھولے دھولے لہو سے دامن دھولے

# 37

## شیطاں ہے پاؤں کے نیچے

شیطاں ہے پاؤں کے نیچے

۱

یسوع کی قبر خالی ہے
ساری دنیا کی قبروں میں

۲

دُنیا کی سرحدوں میں جاؤں گا
اپنی آزادی کا اعلان کرنے کو

۳

یسوع کی فتح کے جھنڈے کو میں
ساری دنیا میں لہراؤں گا

۴

یسوع جلد آنے والا ہے
بادلوں کی سواری کر کے

## 38

## شفادستِ کرم سے اُس کے پائے جس کا جی چاہے

شفادستِ کرم سے اُس کے پائے جس کا جی چاہے
میرے کہنے سے کیا ہے آزمائے جس کا جی چاہے

١

مریضانِ گناہ کو دو خبر فیضِ مسیحا کی
بلا قیمت دوا ملتی ہے آئے جس کا جی چاہے

٢

گنہگاروں کو مژدہ دو مسیحا جی اٹھا تب سے
درِ جنت کھلا رہتا ہے آئے جس کا جی چاہے

٣

ندا دی ابرِ رحمت نے کھڑے ہو کر یہ ہیکل میں
کہ آبِ زندگی دیتا ہوں آئے جس کا جی چاہے

# 39

# کلوری دے سہارے پاپی بچدے نیں سارے

کلوری دے سہارے
پاپی بچدے نیں سارے

۱

اوتھے سولی توں چڑھیا، دکھ ڈاہڈا ہے جریا
مل ساڈا توں بھریا، دے کے خون پیارے

۲

تیرا خون پیارا، بن کے وگ پیا دھارا
ہویا ساڈا کفارہ، ڈھکے پاپ ہمارے

۳

کیوں نہ گن تیرے گاواں، جند گھول گھماواں
تیرے پچھے پچھے جاواں، ویکھاں سولی دے نظارے

۴

تیری قدر اوہ جانے، جہیڑا زخم پچھانے
لہو جنہاں وچوں وگ کے، آیا دیس ہمارے

۵

تیرے پیار نوں لے کے، اسیں لوکاں کول جایئے

توبہ کر کے گناہ تھوں، لگن پار کنارے

٦

دے توفیق اسانوں، وڈا حوصلہ کریئے

جاناں روہڑیاں تائیں، پھڑ کے لایئے کنارے

# 40

## کفارہ میرا تُو ہی ہے سہارا میرا تُو ہی ہے

کفارہ میرا تُو ہی ہے سہارا میرا تُو ہی ہے
میں تیری راہوں پر چلتا رہوں میرے خدا

۱

فدیہ میرے پاپوں کا تُو چھپنے کی تُو ہی جگہ
راہوں کی تُو ہے روشنی روح جان بدن کی شفا
مسح سے مجھے بھر دے تُو، لہو سے مجھے دھو دے تُو

۲

تیرے سوا کوئی نہیں زخموں کو جو بھر سکے
اپنے پروں میں تُو چھپا بانہوں میں لے لے مجھے
تسلی تیری باتوں میں، تیرے ہی چھدے ہاتھوں میں

۳

جب بھی کبھی میں گر گیا تو نے سنبھالا مجھے
تو نے مجھے معاف کیا اپنا بنایا مجھے
یہ جیون اب سے تیرا ہے، تو ہی سہارا میرا ہے

# 41

## کھاؤبدن پیو لہو میری یادگاری کے لئے

کھاؤ بدن پیو لہو، میری یادگاری کے لئے
لہو جو سولی پر بہا، ہر اک بیماری کے لئے

۱

گر میں لہو نہ بہاتا، بدن جو توڑا نہ جاتا
تو شفا نہ پاتا، اپنے گناہ میں مر جاتا
یہ ہے کفارہ ابدی، اس دنیا ساری کے لئے

۲

اس پاک میز پہ آؤ، خود کو ذرا آزماؤ
پہچانو میرے بدن کو، کہیں سزا نہ پاؤ
ہے یہ ضروری سب کے لئے، دل کی تیاری کے لئے

۳

تیرے لہو نے مسیحا، دھوئے ہیں میرے گناہ
کیا ہے پاک دوبارہ، بخشی ہے مجھ کو شفا
کھول دے لب اپنے رضاؔ، شکر گزاری کے لئے

# 42

# کلوری کی وہ شام یوں آئی

کلوری کی وہ شام یوں آئی
لہو برسا ہر آنکھ بھر آئی

۱

کانٹے بھیگے تھے سولی روتی تھی
ہر طرف چیختی تھی تنہائی

۲

خون کی بوندیں جگمگانے لگیں
زندگی آئی روشنی آئی

۳

سولی لے کر چلا تو اس کی صدا
آسماں سے زمین تک آئی

۴

کہیں چرنی میں کہیں سولی پہ
ذاتِ اقدس تیری نظر آئی

# 43

## لہو لہو یسوع کا لہو گناہوں سے ہم کو دھوتا ہے

لہو لہو یسوع کا لہو، گناہوں سے ہم کو دھوتا ہے
مسح مسح مسیح کی مسح
بندھن سارے کھولتا ہے

۱

بڑھیں بڑھیں نہ پیچھے ہٹیں
خداوند کا روح فرماتا ہے
شفا شفا مکمل شفا، پاک لہو دلاتا ہے

۲

لڑیں لڑیں نہ ہرگز ڈریں
پاک روح سمجھاتا ہے
فتح فتح شیطان پہ فتح، یسوع مسیح دلاتا ہے

۳

خدا خدا ہمارا خدا
دل میں رہنا چاہتا ہے
خدا خدا ہمارا خدا، روح سے بھرنا چاہتا ہے

# 44

## لہو جو یسوع کے بدن سے بہتا ہے

لہو جو یسوع کے بدن سے بہتا ہے
تجھ سے مجھ سے کہتا ہے
بہا میں تیری شفا کو

۱

یہ میرا خون ہے عہدِ نو کا نشان
پیو گے جب بھی اسے ہو گا جیون نیا
جہان کے گناہ جو آپ اٹھاتا ہے

۲

ہر بیماری کا سن یہ لہو دام ہے
ہر گناہ کی شفا بخششِ عام ہے
یہی لہو ہم کو خدا سے ملاتا ہے

# 45

## لہو بہا کے تو نے کیسا کرم یہ کیا

لہو بہا کے تو نے کیسا کرم یہ کیا
سولی اٹھا کے تو نے کیسا کرم یہ کیا

1

سارے جہاں کی خاطر اپنا لہو بہایا
ہر اک گناہ پہ غالب تیرا فضل ہے آیا
ہمیں بچا کے تو نے کیسا کرم یہ کیا

2

رستہ بھی کس قدر تھا پر خار تیرا یسوع
ان کو جو کر رہے تھے انکار تیرا یسوع
سینے لگا کے تو نے کیسا کرم یہ کیا

3

آنکھوں میں تیری سولی ہر دم رہے گی یسوع
تیرے لہو کی خوشبو آتی رہے گی یسوع
جینا سکھا کے تو نے کیسا کرم یہ کیا

# 46

## لکڑی پہ لٹکا ناصری دینے کو زندگی

لکڑی پہ لٹکا ناصری دینے کو زندگی
وہ ہی بنا تھا لعنتی دینے کو راستی
قدوس قدوس قدوس قدوس وہی ہے پاک خدا
ہالیلویاہ۔ہالیلویاہ۔ہالیلویاہ۔ہالیلویاہ

1

تیرے لہو سے دُھلنے والا رُتبہ تیرا جانے
تیرے کلام کو پڑھنے والا ذات تیری پہچانے

2

قدموں سے تیرے جو بھی لپٹے تازہ من وہی کھائے
پرستش کی مالا جپنے والا، بھرپور جیون پائے

3

پردہ پھٹا پھٹی قبر موت پہ فتح پائی
قربان ہو کے تُو نے یسوع میری جان بچائی

# 47

# لے کے تیس دینار تے سودا کر بیٹھا

لے کے تیس دینار تے سودا کر بیٹھا
یار نوں ویچ یار تے سودا کر بیٹھا

۱

لالچ بھر یا زہر پیالہ پیتا اے
زندگی دے مالک دا سودا کیتا اے
ویچیا سرِ بازار تے سودا کر بیٹھا

۲

بھل نہ جانا میری دسی نشانی نوں
چُماں گا میں جا کے جہدی پیشانی نوں
کر لینا گرفتار تے سودا کر بیٹھا

۳

پطرس رک جا لڑنا کم ایس جگ دا اے
یار تے کرنا وار نئیں چنگا لگ دا اے
بند کر دے تلوار تے سودا کر بیٹھا

۴

سوچ نوں آئی ہوش تے فیر پچھتاندا اے

موت دی گل وچ پھاہی طالبا پاندا اے

ہون مرنا بے کارتے سودا کر بیٹھا

# 48

## لہو دیاں دھاراں جدوں وگیاں صلیب تھوں

لہو دیاں دھاراں جدوں وگیاں صلیب تھوں
وگیاں شفا دیاں نہراں وگیاں صلیب تھوں
پاپ دھل گئے شفاواں مل گئیاں، تیری صلیب تھوں

۱

اوہدے لہو دا دیوا بلیلا بلیلا پہاڑاں تے
اوہدی شفا دا مینہ وسیا وسیا بیماراں تے
یسوع بنیا سہارا جگ دا، یسوع بنیا کفارہ جگ دا
اے جان لے

۲

غماں دے زور ٹُٹے، روگیاں دے روگ مُکے، ابدی شفاواں ملیاں
دکھاں تھوں نجات ملی ابدی حیات ملی زندگی چ آیاں خوشیاں
یسوع بنیا سہارا جگ دا، یسوع بنیا کفارہ جگ دا
اے جان لے

# 49

# مَیں جس کو چھُولوں گا کندن کر دوں گا

میں جس کو چھُولوں گا، کندن کر دُوں گا

میں جس کو دھو دوں گا، پوتر کر دوں گا

میں جس میں آؤں گا، بدل کر رکھ دوں گا

مجھے کہتے ہیں، یسوع مسیحا خداوند کا زندہ لہو

میرا کام ہے دینا شفا

شفا، شفا، شفا، شفا

۱

پاک کرنے والا پاک ہونے والے

ایک ہی اصل سے ہیں

بھائی کہنے والا بھائی بننے والے

ایک ہی نسل سے ہیں

یسوع کو جو قبول کرے، میں نسلیں بدل دوں گا

۲

آج موقع ہے توبہ گناہوں سے کر لو سبھی

اپنا دامن خداوند مسیحا سے بھر لو سبھی

مٹا دوں گا گناہوں کو، میں روح سے بھر دوں گا

٣

مجھ میں ابدی خلاصی ہے

ابدی سکون ہے ابدی وفا

نئے عہد کا خون ہوں جس سے یہوواہ کا در ہے کھلا

مسیحا سے نجات جو لے، سُرخرو کر دوں گا

# 50

## میرے دِل والا دیوا بلے تیرے لہو دے نال

میرے دل والا دیوا بلے تیرے لہو دے نال
کراں چانن ہنیریاں چ چلاں روح دے نال

1

تینتھوں ہاریا شیطان توں تے بیٹھاں ایں آسمان
جیہڑا لبھے تینوں اوس داتوں ہو جاویں مہمان
جاویں اوہدے گھر ضروری کھاویں کھانا اوہدے نال

2

کدی کلیاں ناں چھڈیں ڈاہڈا کرنا ایں پیار
پاک روح میرے کول بھیج دیناایں مدد گار
فیر جتھے جتھے جاواں اوتے چلے میرے نال

3

روح دی گھل دے بیداری بچ جاوے دنیا ساری
یسوع ناں دے نال مک جاوے پاپاں دی بیماری
اپنے خادم ہور ودھادے ہووے کم بے مثال

# 51

## میرے دھُل گئے پاپ نیں سارے تیرے لہو دی دھار تھلے

میرے دھل گئے پاپ نیں سارے
تیرے لہو دی دھار تھلے
ستے جگ پئے نصیب نیں سارے
تیرے لہو دی دھار تھلے
لہو، لہو، لہو، لہو، لہو، لہو

۱

تیرے خون نے یسوع مینوں ہے پاک پوتر کیتا
میرے اندر زندگی آئی جد ادا ہے اوس نوں پیتا
فردوس دے کھل گئے دوارے

۲

کہیڑا تیرے جیہا ہے آیا جنھے موت نوں آن ہرایا
دنیا دا نور مسیحا ہویا دور موت دا سایہ
نویں زندگی دے وگ پئے نیں دھارے

۳

جد طوفاناں وچ گھریا جد چڑھیا سر تے پانی
چھایا ہر سو گناہ دا ہنیرا ہوئی مشکل جان بچانی

# ہر ڈبدے نوں مل گئے کنارے

# 52

# مَیں خداوند تیرا شافی ہوں تیرا بوجھ اُٹھانے والا ہوں

میں خداوند تیرا شافی ہوں
تیرا بوجھ اٹھانے والا ہوں
اور خون بہانے والا ہوں

۱

کوڑھوں کی مار ہے کھائی، کانٹوں کا تاج ہے پہنا
تیرے لئے سولی چڑھ کر
تیرا بوجھ اٹھانے والا ہوں

۲

تیرے گناہوں کے بدلے، پہلو بھی چھیدا گیا تھا
موت کا پیالہ پی کر
تیری موت مٹانے والا ہوں

۳

تیرے گناہوں کا عوضی، میں تیرے درد کا درماں
میں تیری جان کا لنگر ہوں
میں تیرا بچانے والا ہوں

## 53
## میرے یسوع کی قربانی دیتی ہمیں ہے زندگانی

میرے یسوع کی قربانی، دیتی ہمیں ہے زندگانی
خود تو خدا کا کلمہ تھا
دھاری شکل انسانی

۱

لہو ہی وسیلہ تھا گناہوں سے معافی کا
بھیڑ بکروں کا لہو بلّی کو نا کافی تھا
دینے کو ہمیں زندگانی
یسوع کو پڑی جاں لٹانی

۲

یسوع کے لہو میں شفا لہو میں رہائی ہے
بدروحوں سے جکڑوں کو آزادی دلائی ہے
کرتا ہے دور پریشانی
یسوع کا لہو ہے لاثانی

۳

بھٹکے ہوؤں کو بس یسوع راہ دکھاتا ہے
یسوع راہ زندگی کلام یہ بتاتا ہے

یسوع ایمان کا بانی
یسوع ہے زندگی کا پانی

# 54

## مسیحا مجھے پیار کرنا سکھا دے

مسیحا مجھے پیار کرنا سکھا دے
وفا مَیں مجھے جینا مرنا سکھا دے

۱

مَیں دشمن کو اپنے گلے سے لگاؤں
مَیں اُس کے ہر اِک ظلم کو بھول جاؤں
مجھے تُو دِلوں میں اُترنا سکھا دے

۲

میرے لب وفا ہی کے نغمات گائیں
دِلوں میں محبت کی شمعیں جلائیں
محبت میں جاں سے گزرنا سکھا دے

۳

عداوت کدورت بھی دِل سے مٹا کر
مجھے پیار کی ایک خوشبو بنا کر
گھروں بستیوں میں اُترنا سکھا دے

# 55

## میں غلبہ پاؤں گا یسوع کے خون سے

میں غلبہ پاؤں گا، یسوع کے خون سے
میں غالب آؤں گا، یسوع کے خون سے

۱

مجھے مخلصی ملی، نئی زندگی ملی
یسوع کے خون سے ہر گندگی دھلی

۲

جتنا ہے قیمتی میرے یسوع کا لہو
اتنا ہی قیمتی ہوں میں بھی اور تُو

۳

پہچان ہے میری یسوع کے خون سے
کیا شان ہے میری یسوع کے خون سے

۴

یسوع کے خون کو پکارتا رہوں
یسوع کے خون سے محفوظ میں رہوں

# 56

## میرا یسوع میرے پاپاں دے لئی سولی چڑھ گیا جے

میرا یسوع میرے پاپاں دے لئی سولی چڑھ گیا جے
اوہنے دتی مینوں معافی میری مکتی بن گیا جے

۱

اپنی پیٹھ تے کوڑے کھائے ہتھیں کل ٹھکوائے نیں
سب نوں بانہواں دے وچ بھریا جنہیں جگ ٹھکرائے نیں
مر دے مر دے معاف او کر گیا، تیجے دن فیر کھڑ گیا زندہ ہو گیا جے
زندہ ہو گیا میرا یسوع، میرے دل وچ وس گیا جے

۲

میں ساں پاپاں دے وچ ڈبیا مینوں تارن آیا سی
اک وی بندہ نہ مر جاوے او ایس کارن آیا سی
ازلاں تھوں اے رب دی مرضی، یسوع نے او پوری کر تی
جنہیں پلا یسوع دا پھڑیا او سوَرگاں نوں ٹُر گیا جے

# 57

## میرے من وچ آوس تُوں کنڈیاں دے تاج والیا

میرے من وچ آوس تُوں

کنڈیاں دے تاج والیا

۱

بنیاں نے سر تے آن کولیاں، پاپاں والیاں پیڑاں نیں ہلیاں

میرا اکڈھ چھڈیا نیں دھوں

کنڈیاں دے تاج والیا

۲

جانواں گا کیہ جگ اُتوں لے کے، چھٹیا گیا میں چھج وچ پے کے

تُمبیا گیاہاں وانگر رُوں

کنڈیاں دے تاج والیا

۳

جس رنگ وچ میں ویکھیا تینوں، اوسے رنگ وچ رنگ چھڈ مینوں

میرا تن من رنگ چھڈ تُوں

کنڈیاں دے تاج والیا

۴

کہیڑی شے میں آکھاں میری، میں ہاں جد دولت تیری

میرے دل دا مالک تُوں

کنڈیاں دے تاج والیا

۵

سُن کتے میرے نت دے ہاڑے، تیر اناں گیارچ وس سارے

میری رگ رگ تے لُوں لُوں

کنڈیاں دے تاج والیا

# 58

# مسیح تو میری زندگی مسیح تو میری جان ہے

میرے ناصری، مجھ کو چاہتا ہے کتنا، ذرا یہ بتا
اُس نے دیکھا، خاموشی سے، میری طرف
اور دے دی ہے جاں، اپنی بانہیں پھیلا
مسیح تُو میری زندگی، مسیح تُو میری جان ہے
تیرے بن اے مسیح، یہ دل ویران ہے

۱

میرے دل کی ویرانی نے مجھے تھا بہت تڑپایا
کیا یوں پیار ہے میرے دل میں ہے بن کے بہار آیا
تیرے ہی پیار نے کیا احسان ہے

۲

میں تھا مجرم مگر تو خود اٹھا کے دار کاندھوں پر
چلا تھا کلوری کی راہ کہ مر جائے میری خاطر
تیرے اس پیار نے کیا حیران ہے

۳

میں جیون بھر تیرے ہی پیار کے اب گیت گاؤں گا
تُو ہی ہے زندگی کی راہ، یہ دنیا کو بتاؤں گا

# تجھی پہ اب میرا یہ دل قربان ہے

# 59

## نت دل وچ رہندی او یاد پرانی

نت دل وچ رہندی او یاد پرانی
جد چڑھیا سولی او محبوب ربانی

۱

گتسمنی وچوں جد لے گئے پھڑ کے
اوس بے دوسے نوں سنگلاں نال جڑ کے
سجناں نوں لک کے پئی جان بچانی

۲

تھمے نال بنھ کے کوڑے نال کوٹدے
بنھ اکھیاں اوہدیاں چہرے تے تھُکدے
کوئی بے قدراں نیں اوہدی قدر نہ جانی

۳

اوویلا دل نوں جد چیتے آوے
ہووے درد جگر نوں خون سکدا جاوے
پیا چھم چھم وگدا اکھیاں دا پانی

۴

کلاں نال جڑ کے سولی تے ٹنگیا

منہ سر کہ لاندے جد پانی منگیا

نئیں دتا کسے نیں اوہنوں دو گھٹ پانی

۵

کئی میرے ورگے آ ہوئے نیں کٹھے

اوہنوں مارن طعنے نالے کر دے نیں ٹھٹھے

کوئی جان نہ سکیا اوہدی پریم کہانی

## 60

# نئیں بھلدی صورت تیری نئیں بھلدا چہرہ تیرا

نئیں بھُلدی صورت تیری، نئیں بھُلدا چہرہ تیرا
مکھڑے تے لہو دیاں دھاراں، سر کنڈیاں والا سہرا

۱

میرے واسطے موہڈے چائی، دکھاں دی سولی بھاری
میرے واسطے مر گیا یسوع، اوہنے کیتی نئیں انکاری
او بے قصور مسیحا، دکھ سینے لا لیا میرا

۲

نئیں حرف زبان تے آیا، بے جرم سزاواں پائیاں
بے دوسے دے ناویں لگیاں، بدنامیاں تے رسوائیاں
اج پتر خدا دے نوں ویکھو، دکھاں درداں پا لیا گھیرا

۳

دے کے زندگی دی قربانی، نایاب دامان ودھایا
پاپاں وچ مر دے جاندے، انسان نوں آن بچایا
جدوں سولی دے ول ویکھاں، دل ڈب ڈب جاوے میرا

# 61

## ہوئی بات جو بھی صلیب پر میرے حق میں حرفِ دعا لگی

ہوئی بات جو بھی صلیب پر میرے حق میں حرفِ دعا لگی
تیرا خون برکھا کی رت لگا تیری سانس بادِ صبا لگی

۱

یوں تو کلوری کے پہاڑ پر ہوئیں نصب کتنی ہی سولیاں
مگر اس صلیبوں کے شہر میں یہ صلیب تیری جدا لگی

۲

تو نے کس طریقے سے پی لیا وہ پیالہ جو کہ نہ ٹل سکا
تو نے کس سلیقے سے جان دی کہ یہ موت رب کی رضا لگی

۳

تو مرا تو جینے کی آرزو کئی ماتموں کا سبب ہوئی
تو جیا تو سانسوں کی گفتگو نئے موسموں کی ہوا لگی

# 62

## ہتھیں گانا سنگلاں دا تاج کنڈیاں دا یسوع پایا

ہتھیں گانا سنگلاں دا، تاج کنڈیاں دا یسوع پایا
شگناں والی خون دی مہندی، ہتھیں گانا سنگلاں دا

۱

سولی چک موہڈے تے جدوں لاڑا کلوری وچ چلیا
منہ تے تھکدے نیں وس ماں دا نہ کوئی چلیا
ڈگدے نوں کوڑے ماردے ڈاہڈا ویریاں ظلم کمایا

۲

چھناں بھر ہنجواں دا اوہدی ماں پئی پانی وارے
چنڈاں ماردے نیں اوہنوں دین سلامیاں سارے
کڈا کرماں والا لاڑا جنہوں جانجیاں جھرمٹ پایا

۳

عرشاں تے باپ رو پیا جدوں روئی دھرتی تے مائی
عنایت ہویا عجب ویاہ کنب گئی اے ساری خدائی
کڈا کرماں والا لاڑا جنہوں داج صلیب دا آیا

## 63

## ہتھاں پیراں وچ کل نیزے وہنیاں ہے دل یسوع پیارے

ہتھاں پیراں وچ کل، نیزے وہنیاں ہے دل
یسوع پیارے
ہائے ہائے تیرے دکھ نیں بھارے

۱

تاج کنڈیاں دا سر اتے دھریا
ماراں کھاون داد کھ وی توں جریا
دشمن بن بن جتھے، منہ تے مارن تپھے
تینوں سارے

۲

پیشی کیتی پیلاطس اگے
جھوٹھ تے جھوٹھ مارن لگے
بیٹا رب دا بنھیا، کنیں اپنی سنیا
کہندے سارے

۳

بھاری سولی ہوہڑے تے چکاندے
ظالم ترس ذرا وی نہ کھاندے

سولی چک کے جاون، راہ وچ ٹھیڈے کھاون
غم دے مارے

۴

نال رسیاں دے تھم نال بنھ کے
کپڑا اکھیاں دوہنواں اتے بنھ کے
ہو ہو آئے کٹھے، تینوں کرن ٹھٹھے
مارن نعرے

# 64

## ہلواہوں نے ہل جو چلائے

ہلواہوں نے ہل جو چلائے
خون کی دھارا بہتی جائے

۱

موت سہی جب سب کی خاطر
توڑ دیئے ہیں موت کے سائے

۲

کون کسی پر جان گنوائے
کون کسی کا بوجھ اٹھائے

# 65

## ہتھاں پیراں وچوں خون دیاں

ہتھاں پیراں وچوں خون دیاں
وگ پیاں نے دھاراں
سُنے کون پکاراں

ا

اہدے تاج دے کنڈیاں دی اک شکل نرالی
دیندے تیر وکھالی
سر وِجھ گیا پُر پُرتے رہیا تھاں نہ کوئی خالی
ہوئی خستہ احوالی
رت چوپ لئی بدن دی
کوڑے دیاں ماراں

۲

طاقت نہ رہی ٹرن دی اک قدم اٹھا کے
ہائے سولی نوں چا کے
شمعون قرینی نو لیاندو نے بلا کے
ٹرے نال اٹھا کے
اوہدا بن گیا پندھ سُولی سنے

میل ہزاراں

۳

سولی تے بے ترساں نے مسیحانوں لٹایا

ہائے ترس نہ آیا

ہتھاں پیراں دے وچ ٹھوک کے کل

درد ودھایا

اوہدا خون چوایا

ادی سولی کھڑی کیتی تے وچ

دُونہہ بدکاراں

۴

اج سِر اُتے مریم دے گھٹاں غم دیاں آئیاں

ہر پاسیوں چھائیاں

اوہنوں غش تے غش بین غماں سُرتاں بھلائیاں

بنی وانگ سودائیاں

گئیاں دل وچوں لنگھ غم دیاں

تکھیاں تلواراں

۵

دتی جان جدوں اس نے زمین کمب گئی ساری

ہوئی دہشت طاری

سورج وی گیا چھپ تے پے گئی دھند غباری

کمبی خلقت ساری

ادے مرن دیاں چھڑ پئیاں گھر گھر

نے وچاراں

# 66

## وہ دکھوں کی آگ میں جلتا رہا

وہ دکھوں کی آگ میں جلتا رہا
موت کے سایوں تلے چلتا رہا

۱

آزمائش کی گھڑی جب آگئی
وہ دعائیں باپ سے کرتا رہا

۲

دوست سارے چل دیئے جب چھوڑ کر
ناصری سولی لئے بڑھتا رہا

۳

داستاں لکھ دو محبت کی سروش
خون سے جو سر تا پا بہتا رہا

# 67

## یہی دُعا ہے رکھ لہو کے نیچے یہی صدا ہے رکھ لہو کے نیچے

یہی دعا ہے رکھ لہو کے نیچے

یہی صدا ہے رکھ لہو کے نیچے

نجات دہندے رکھ لہو کے نیچے

خدا کے برے رکھ لہو کے نیچے

لہو کے نیچے نیچے، یسوع کے پیچھے پیچھے

پوتر آتما کے سنگ، مسیح کے پیچھے پیچھے

یہی ہے آشا اپنی یسوع کا چہرہ دیکھیں

محبت سے بھرا وہ، خدا کا برہ دیکھیں

۱

لہو یہ پوتر یہوواہ کا ہے

لہو یہ خداوند مسیحا کا ہے

لہو ہی میں شکتی، مسیح کا مسح ہے

خدا کے برے

۲

لہو کو پُکاریں لہو سے دھلیں

لہو کی حفاظت میں چلتے چلیں

لہو سے محبت کی کلیاں کھلیں

خدا کے برے

۳

لہو ہی گناہوں کو دیتا مٹا

لہو ہی بیماروں کو دیتا شفا

لہو ہی یہوواہ سے دیتا ملا

خدا کے برے

# 68
# یسوع کے لہو سے مَیں دھل گیا

یسوع کے لہو سے میں دھل گیا
پھول کی طرح اب میں کھل گیا

۱

پاپوں کا بوجھ جو ہم پر تھا
یسوع نے وہ اٹھا خود لیا
خون بہانے سے گناہ مٹ گیا

۲

آسماں سے آئے گا یسوع
ہم کو لے جائے گا ساتھ اپنے
یسوع کے وسیلہ سے خدا مل گیا

۳

یسوع کی سولی کو چومو سارے
جیون کا چشمہ ہے وہی پیارے
فردوس کا در اب کھل گیا

# 69

# یا یسوع کو اپنا لے تُو

یا یسوع کو اپنا لے تُو یا کہہ دے اُس سے پیار نہیں
جو کچلا گیا تیری خاطر کیا وہ بھی تیرا دلدار نہیں

1

کر یاد ذرا وہ سماں یسوع گرتا یہاں اور وہاں
یا بڑھ کے صلیب اٹھا لے تُو یا کہہ دے اُس سے پیار نہیں

2

وہ جو کھانے کو دیتا بدن اور پینے کو دیتا لہو
یا اُس کا پیالہ تُو پی لے یا کہہ دے اُس سے پیار نہیں

3

اب روح کی طاقت لے دل و جان نذر کر دے
یا اُس کو من میں بسنے دے یا کہہ دے اُس سے پیار نہیں

# 70

# یسوع نے کر کے خون فراہم صلیب کو

یسوع نے کر کے خون فراہم صلیب کو
ہر زخم کا بنا دیا مرہم صلیب کو

۱

گر چاہتے ہو تم کو میسر ہوں راحتیں
دے دو خلوصِ دل سے سبھی غم صلیب کو

۲

شمس و قمر بھی جھکتے ہیں تعظیم کے لئے
کرتے ہیں سجدہ دیکھئے انجم صلیب کو

۳

مشکل تمام راستہ آئے گی اے عظیم
تکتے رہو ایمان سے ہر دم صلیب کو

# 71

## یسوع نے مجھے بچایا، یسوع نے مجھے چھڑایا

یسوع نے مجھے بچایا، یسوع نے مجھے چھڑایا
میرا فدیہ دیا خون سے

۱

وہ ہے برہ جو میرے لئے، سولی پہ قرباں ہوا
اس نے دیا کفارہ، وہی ہے میرا سہارا

۲

میری خاطر وہ کچلا گیا، میری خاطر وہ سولی چڑھا
وہی ہے میرا خدا، وہ میرا ہے بادشاہ

۳

اس نے مجھ کو پاک کیا، میرا تن من صاف کیا
اس نے فضل کیا ہے، مجھے معاف کیا ہے

# 72

## یسوع کے ذکرِ غم کو سناؤں کہاں کہاں

یسوع کے ذکرِ غم کو سناؤں کہاں کہاں
پہلو کے زخم اُس کے دکھاؤں کہاں کہاں

۱

کیا کیا ستمگروں نے اُسے دیں اذیتیں
تکلیف و رنج اُس کے بتاؤں کہاں کہاں

۲

منہ پر اُنہوں نے تھوک دیا مارا فرق پر
نغمہ مَیں اُس کے صبر کا گاؤں کہاں کہاں

۳

چھوڑا ستمگروں نے نہ جامے کا ایک تار
جو اُن کی بدعتیں تھیں بتاؤں کہاں کہاں

۴

لٹکا دیا مسیح کو لا کر صلیب پر
کتبہ جو لکھ دیا وہ دکھاؤں کہاں کہاں

۵

کانپ اٹھا عرش چھایا اندھیرا زمین پر

بے انتہا میں ظلم گناؤں کہاں کہاں

٦

تیرے گناہوں کے لیے مارا گیا مسیح

مژدہ خوشی کا اَب یہ سناؤں کہاں کہاں

# 73

# بہتا دریا یسوع میرا آ اِس میں تُو ڈوب جا

بہتا دریا یسوع میرا، آ اِس میں تُو ڈُوب جا
اپنے جیون کے ساگر کی ساری کڑواہٹ مٹا

۱۔

اس دریا میں جو بھی بہتا ساحل اُس کو مل جائے
دُکھ سنکٹ سے نہ گھبرائے خوشیوں سے وہ کِھل جائے
جیون بخشے جہاں جہاں بھی پہنچا یہ دریا

۲۔

ہیکل کی دہنی طرف سے جیون جل بہتا جائے
پینے والا اِس پانی کو روح کے پھل سے بھر جائے
جیون بخشے جہاں جہاں بھی پہنچا یہ دریا

۳۔

یہ دریا ہے زندہ لہو کا آ جا تُو بھی نہا لے
تجھے پکارے لہو یسوع کا قرمزی پاپ دھلا لے
جیون بخشے جہاں جہاں بھی پہنچا یہ دریا

# 74

## بار بار بہا لہو یسوع کا تیری شفا کے لئے میری شفا کے لئے

بار بار بہا لہو یسوع کا
تیری شفا کے لئے میری شفا کے لئے
بے قرار بہا لہو یسوع کا
تیری شفا کے لئے میری شفا کے لئے

۱

ماتھے سے ٹپکا ذہن آزاد ہو
چہرے سے ٹپکا رُوپ آباد ہو
دھار دھار بہا لہو یسوع کا
تیری شفا کے لئے میری شفا کے لئے

۲

ہاتھوں سے نکلا باہوں میں لینے
پیروں سے نکلا رستہ بنانے
تار تار بہا لہو یسوع کا
تیری شفا کے لئے میری شفا کے لئے

۳

بھیگا لہو سے سر مکتی دلائی

توڑا بدن اور قیمت چکائی

سوئے دار بہا لہو یسوع کا

تیری شفا کے لئے میری شفا کے لئے

۴

پیٹھ پہ ریگھاریاں خون بنائے

پسلی کا خون دیکھو دلہن سجائے

آر پار بہا لہو یسوع کا

تیری شفا کے لئے میری شفا کے لئے

# 75

## بوجھ میرا اٹھالیا مجھے اپنا بنالیا

بوجھ میرا اٹھالیا

مجھے اپنا بنالیا

۱

میرے لئے یہ کیا کیا تونے اے یسوع

پسلی میں بھالا کھالیا

۲

موت قبر شیطان پر پائی ہے تونے فتح

سب نے ہی تو آزمالیا

۳

میرا گناہ میری سزا، مگر تونے اے مہرباں

اپنے سر فتویٰ لیا

۴

مجھ کو دی مخلصی، قیمت بھی ادا کر دی

خون اپنا بہالیا

۵

توبخش دے رضا کو بھی، کہ جب چاہے تیرے حضور

# حالِ دل سنالیا

# 76

## بے شک میرے منہ پر تھوکو، بے شک کوڑے مارو

بے شک میرے منہ پہ تھوکو، بے شک کوڑے مارو
قطرہ قطرہ اس دھرتی پر میرا خون بہادو
پھر بھی میں خاموش رہوں گا، چپکے چپکے درد سہوں گا
آ آ ہالیلویاہ، ہالیلویاہ، ہالیلویاہ

۱

بے شک میرے ہاتھوں پیروں کو کیلوں سے جڑ دو
کانٹے چن کر تاج بنا کر میرے سر پہ دھر دو
پھر بھی تم کو معاف کروں گا، پھر بھی تم سے پیار کروں گا

۲

میری لاش کو لے کر پیارو، چاہے قبر میں رکھ دو
بہت بڑا اک پتھر لے کر اس کے منہ پہ دھر دو
پھر بھی میں تو جی اٹھوں گا، موت کی نیند سے میں جاگوں گا

۳

بستی بستی نگر نگر میں جا کر یہ بتلاؤ
یسوع تم سے پیار ہے کرتا، اس کے پیچھے آؤ
پاپوں سے آزاد کرے گا، اجڑا گھر آباد کرے گا

# 77

# تیرے لہو سے پاپ دھوتا ہوں

تیرے لہو سے پاپ دھوتا ہوں
تُو بڑھتا جا میں کم ہوتا ہوں

۱

تیرا کلام دل میں رکھا ہے، تیرا ہر اک وعدہ سچا ہے
تیرا ہی نام سب سے اچھا ہے
تیرا ہی نام روز جپتا ہوں

۲

تیرے کلام سے شفا ہوتی، تیرا کلام راہوں کی جیوتی
تیرا کلام ہے حسین موتی
دل کی مالا میں پروتا ہوں

۳

تیرا لہو ہے میل کا پیغام، تیرے لہو سے بنے بگڑے کام
تیرے لہو سے ملے چین آرام
خود کو لہو میں ڈبوتا ہوں

# 78

# صلیب اُٹھا کے تجھے چلنا ہو گا

صلیب اُٹھا کے تجھے چلنا ہو گا
آج پربھو کو دل دینا ہو گا

۱

راہوں کو اپنی چھوڑ کے آجا
نئی یہ زندگی انعام میں لے جا
آج پربھو کے لئے صلیب اُٹھا جا
آج پربھو کو دل دینا ہو گا

۲

پریمی مسیح سے پریت لگا لے
پریت مسیح سے نئی لگا لے
آج پربھو کی جوت پار لگائے
آج پربھو کو دل دینا ہو گا

۳

دُور کرے گا غم تیرے دل کا
پاپ مٹا کے نیا جیون دے گا
آج پربھو کے لئے آنا ہو گا

# آج پربھو کو دل دینا ہوگا

# 79

# وہ پیاری صلیب مُجھ کو دِکھائی پڑتی تھی

وہ پیاری صلیب مُجھ کو دِکھائی پڑتی تھی
ایک پہاڑی پر جو کھڑی تھی
کہ مسیح مصلوب نے ندامت اُٹھا
گنہگاروں کی خاطر جان دی

...

کورس

پس نہ چھوڑوں گا پیاری صلیب
جب تک دُنیا میں ہو گا قیام
لپٹ رہوں گا مَیں اُسی سے کہ
مصلوب میں ہے ابدی آرام

۱

آ وہ پیاری صلیب جس کی ہوتی تحقیر
ہے مُجھ کو بے حد دِل پذیر
کہ خُدا کے محبوب اُس جلالی مسیح
نے اذیت سہی بے نظیر

۲

مُجھے پیاری صلیب میں گو لہولہان
نظر آتی ہے خوبصورتی
کہ خُدا کے مسیح نے کفارہ دیا
تا کہ مُجھ ےِ ملے زندگی

۳

مَیں اُس پیاری صلیب کا رہوں وفادار
سپاہی ہمیشہ ضرور
جب تک میرا مسیح نہ کرے گا مُجھے
اپنے ابدی جلال میں منظور

# 80

# یسوع کا لہو میری شفا ہے

یسوع کا لہو میری شفا ہے
تمام روگوں کی یہ دوا ہے

۱

یہ راحتِ دل میرا کفارہ
شفائے جاں یہ لہو کا دھارا
بہایا یہ سب کے لئے بہا ہے

۲

میں جب پکاروں یہ مجھ پہ آئے
یہ ہر بلا سے مجھے بچائے
میری تسلی میری بقا ہے

۳

بچائی جس نے حیات میری
بنی اِسی سے ہے بات میری
یہ رستہ میری نجات کا ہے

# 81

## تیرے بدلے یسوع نے خون ڈوہلیا

تیرے بدلے یسوع نے خون ڈوہلیا
تے کیوں نئیں تیرا دِل ڈولیا

۱

پھڑ ظالماں صلیب اُتے چاہڑیا
نیزہ ڈاہڈا اوہدی پسلی وچ ماریا
شافی تن من تیرے اُتوں گھولیا

۲

بنھ تھم نال یسوع نُوں کھلھاریا
نال کوڑیاں دے ظالماں نیں ماریا
کوئی دُکھڑا نہ کسے اگے پھولیا

۳

چُک موہڈے تے صلیب یسوع چلیا
ساڈے بدلے گناہیں بن چلیا
بھار پاپیاں دا سولی اُتے تولیا

۴

تاج کنڈیاں دا سِر تے نیں پاوندے

ہس ہس کے کولوں دی لنگھ جاوندے
یسوع کسے نُوں نہ مونہوں مندا بولیا

۵

دِل اوہدیاں دُکھاں دے ول لا کے
توبہ کر لے یسوع دے ول آ کے
بوہا تیرے لئی نجات والا کھولیا

# 82

## جند یسوع نُوں صلیب اُتے ٹنگنی پئی

جند یسوع نُوں صلیب اُتے ٹنگنی پئی
خاطر پیار دے
اوہدے خُون وچ جند ساہنوں رنگنی پئی
خاطر پیار دے

۱

ساہنوں ڈاکوؤں تے چوراں نیں سی مار سُٹیا
ساڈا تن من زخمی سی کر سُٹیا
ساڈے زخماں تے پٹی اوہنوں بنھنی پئی
خاطر پیار دے

۲

یسوع باجھ نئیں سی ساڈا کوئی دردی
جس نے آن کے بچائی ساڈی جان مردی
ندی دُکھاں والی تدوں اوہنوں لنگھنی پئی
خاطر پیار دے

۳

مُل اوہدیاں دُکھاں دا اساں نئیں پایا اے

اجے تک وی صلیب اُتوں نئیں لاہیا اے
چڑھ کے سُولی اُتے معافی اوہنوں منگنی پئی
خاطر پیار دے

۴

بنے اَسی ساں سپاہی کیتی کجھ نہ کمائی
دِلوں خُودی نہ گوائی ودھ گئی بُریائی
اوہدے نام دی زنجیر ساہنوں بنھنی پئی
خاطر پیار دے

# 83

## یسوع کے لہو کی جے جے جے

یسوع کے لہو کی جے جے جے
یسوع کے لہو کی جے

۱

یسوع نے کیا پریم مجھ سے
لہو بہا دیا میرے بدلے

۲

یسوع کا لہو مجھے شدھ کرتا
آتما شانتی مجھے دِل میں دیتا

۳

یسوع کا لہو مجھے پریم دیتا
پریم سے بھرا ہُوا جیون دیتا

۴

یسوع کا لہو سچی بھگتی دیتا
درشن پتا کا ہے مجھے دیتا

۵

یسوع کا لہو سچی شانتی دیتا

بوجھ گناہ کا ہے دُور وہ کرتا

٦

یسوع نے مجھ کو کیچ سے کھینچا

جیون کے پودے کو جل سے سینچا

٧

یسوع نے مجھے اپنی شانتی دے دی

من میں میرے اپنی خوشی بھر دی

٨

بھائیو اور بہنو سب بولو مل کر

لڑکو اور بچو سب گاؤ مل کر

# 84

# یہ جو فسح کی شام ہے، المسیح کے نام ہے

یہ جو فسح کی شام ہے، المسیح کے نام ہے
یہ جو لہو اور ہے بدن، میری شفا کا جام ہے

۱

یہ جو خُداوند کی میز ہے، بڑی ہی حیرت انگیز ہے
ہر جزو اِس کا پاک ہے، برکات سے لبریز ہے

۲

اِس میز پر جو آئے گا، ابدی حیات پائے گا
اُس کے گناہ مِٹ جائیں گے، یسوع کی مانند بن جائے گا

۳

یسوع کی قربانی ہے یہ، کفارے کی نشانی ہے یہ
زِندگی کی یہ روٹی ہے، اور جیون کا پانی ہے یہ

# 85

## عاجزی وانکساری کا نمونہ خوب ہے

عاجزی وانکساری کا نمونہ خوب ہے
پیر دھونا خاکساری کا نمونہ خوب ہے

۱

کیسے اُس نے رومال باندھا اور زمیں پر بیٹھ کر
سب شاگردوں کے پاؤں دھوئے اور سُکھائے پونچھ کر
آج کے دِن یادگاری کا نمونہ خوب ہے

۲

دوسروں کے پیر چھُونا عزت و تکریم ہے
پر کِسی کے پاؤں دھونا کئی گُنا عظیم ہے
یہ ہماری پیروکاری کا نمونہ خوب ہے

۳

ہو کے مالک اُس نے دیکھو کیا مثال دی ہمیں
سچی خدمت کی تعلیم باکمال دی ہمیں
یہ حقیقی دینداری کا نمونہ خوب ہے

# 86

## برے کا لہو، یسوع کا لہو

برے کا لہو، یسوع کا لہو

۱

یہ لہو ہے تیرے لئے، یہ لہو ہے میرے لئے
یہ لہو بچائے ہمیں، یہ لہو ہے سب کے لئے

۲

یہ لہو سہارا میرا، یہ لہو کفارہ میرا
اس لہو سے پار لگوں، یہ لہو کنارہ میرا

۳

اس لہو سے بندھن ٹوٹیں، اس لہو سے جکڑے چھوٹیں
اس لہو سے رشتے جڑیں، جیون کے چشمے پھوٹیں

This ebook has been
Composed, designed & published by

**Fakhta e-Publications**

Karachi, Pakistan.

http://fakhta.org/

Order your Urdu/English e-book

NOW!

For more information contact us @:

+92-333-8684-282

(whatsapp, message only)

Email: info@fakhta.org